صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 14 اکتوبر 2010ء بمطابق 05 ذیقعد 1431 ہجری صبح دس بجکر پندرہ منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ۔

قُلِ اللَّهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَن تَشَاءُ وَتَنزِعُ الْمُلْكَ مِمَّن تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَن تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَن تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ تُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَن تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ۔

ترجمہ: (اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپ (اللہ تعالیٰ سے) یوں کہیئے کہ اے اللہ مالک تمام ملک کے آپ ملک جس کو چاہیں دے دیتے ہیں اور جس سے چاہے ملک لے لیتے ہیں اور جس کو آپ چاہیں غالب کر دیتے ہیں اور جس کو آپ چاہیں پست کر دیتے ہیں آپ ہی کے اختیار میں ہے سب بھلائی۔ بلاشبہ آپ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں۔ آپ رات (کے اجزاء) کو دن میں داخل کر دیتے ہیں اور (بعض فصلوں میں) دن (کے اجزاء) کو رات میں داخل کر دیتے ہیں اور آپ جاندار چیز کو بے جان سے نکال لیتے ہیں (جیسے بیضہ سے بچہ) اور بے جان چیز کو جاندار سے نکال لیتے ہیں (جیسے پرندے سے بیضہ) اور آپ جس کو چاہتے ہیں بے شمار رزق عطا فرماتے ہیں۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! یہ بڑے دکھ کی بات ہے کہ ہمارے بھائی باہر آئے ہوئے ہیں اور وہ اندر آتے نہیں لیکن جو آئے ہوئے ہیں وہ تو کچھ بات کر سکیں۔ اس دن بھی ایسا ہوا اور بڑے دکھ کی بات ہے جبکہ آپ نے وارننگ بھی دی ہے۔ یہ آئے دن ہمارا ایک معمول بن گیا ہے، جناب اس ہاؤس کے اندر کہ آج دیکھیں کیا ٹائم ہے اور حکومت نام کی کوئی چیز نظر نہیں آتی یا تو حکومت نے پوری طرح یہ سوچ لیا ہے کہ اس اسمبلی کے کوئی اوقات نہیں اور اس کا کوئی وقار نہیں ہے، لہذا یہاں آنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے وہ اپنے گھر بیٹھے رہیں یا پھر یہ مسئلہ سیریس ہونا چاہیئے، پورے پاکستان میں یا پوری دنیا میں شاید اس طرح کی مثال ہی نہیں ملتی۔ کبھی سالوں میں ایک دفعہ ہوتا تھا کہ اسمبلی کا کورم کسی وجہ سے ٹوٹ جاتا، یہاں ہمارا آئے دن یہ ہوتا ہے، لوگ دور دور سے آتے ہیں اور جو لوگ یہاں آجاتے ہیں اور یہاں تو بڑی بزنس ہے اور کروڑوں روپے کے یہاں اخراجات ہو رہے ہیں اور حکومت یہ معاملہ سیریس نہیں لے رہی۔

Mr. Speaker: Countdown please.

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب سپیکر: Fifteen- دو منٹ کیلئے گھنٹیاں بجائی جائیں۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

Mr. Speaker: Once again please countdown.

جناب سپیکر: Eighteen، ایک سو چوبیس کے ایوان میں صرف اٹھارہ، آپ لوگ تشریف فرما رہیں، پانچ منٹ کیلئے وقفہ کیا جاتا ہے۔

(اس مرحلہ پر کارروائی پانچ منٹ کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

نشانزدہ سوالات اور انکے جوابات

جناب سپیکر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ کوئسچنز آور: جناب پرویز احمد خان صاحب، سوال نمبر 648. موجود نہیں۔ محترمہ سنجیدہ یوسف، سوال نمبر 741، موجود نہیں۔ جناب ملک قاسم خان خٹک، سوال نمبر 843۔

* 843۔ ملک قاسم خان خٹک: کیا وزیر زراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے پاس سرکاری گاڑیاں اور زرعی مشینری/آلات موجود ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) محکمہ کے پاس کل کتنی گاڑیاں اور زرعی آلات/مشینری موجود ہے، گذشتہ چھ مہینوں کے دوران مذکورہ مشینری/آلات سے کرایہ کی مد میں کل کتنی آمدن ہوئی ہے: تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے؛
(ii) مذکورہ مشینری/آلات کا اوسطاً روزانہ فی گھنٹہ کام اور شرح کرایہ کی تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>ارباب محمد ایوب جان (وزیر زراعت)</u>: (الف) جی ہاں، بلڈوزر، رگز اور گاڑیوں کے علاوہ محکمہ کے پاس زرعی مشینری اور آلات نہیں ہیں۔
(ب) (1) گاڑیوں اور مشینری کی تفصیل فراہم کی گئی۔
(2) آمدن اور بقایاجات کی تفصیل فراہم کی گئی۔
(ii) ماہوار ہدف برائے بلڈوزر و دیگر مشینری کرایہ کی تفصیل فراہم کی گئی۔

<u>Mr. Speaker</u>: Any supplementary ji?

<u>ملک قاسم خان خٹک</u>: مطمئن یو جی، د ارباب صاحب د جواب نہ۔ ارباب صاحب بنہ منسٹر دے کار بنہ چلوی انشاء اللہ۔ شکریہ جی۔

<u>Mr. Speaker:</u> Thank you. Parvez Ahmad Khan Sahib, Question No. 844, not present, Again Parvez Ahmad Khan Sahib, Question No. 845, not present, Sardar Shamoonyar Khan, Question No. 753, not present, Syed Qalb-e-Hassan Sahib, Question No. 818, not present Again,Syed Qalb-e-Hassan, Question No. 819, not present, Javed Abbasi Sahib, Question No. 824.

* 824۔ <u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:
(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ایبٹ آباد میں مختلف مقامات پر صحت کے بنیادی مراکز موجود ہیں؛
(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ مراکز کیلئے ہر سال مرمتی فنڈ مختص کیا جاتا ہے؛
(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ مراکز میں مختلف آسامیاں موجود ہیں؛
(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:
(i) ضلع ایبٹ آباد پی ایف۔48 میں موجود صحت کے بنیادی مراکز بمقام دناہ، باغ، سیر اور میرہ رومال میں کتنے سالوں سے مرمت کا کام نہیں ہوا ہے؛
(ii) مذکورہ مراکز میں کتنی پوسٹوں پر تعیناتی کی گئی ہے اور کتنی آسامیاں خالی پڑی ہیں، تمام منظور شدہ آسامیوں کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت) (جواب وزیر قانون نے پڑھا)</u>: (الف) جی ہاں۔

(ب) جی نہیں۔

(ج) جی ہاں۔

(د) (i) سالانہ مرمتی فنڈز کی عدم دستیابی کی وجہ سے سال 2006 کے بعد مذکورہ مراکز صحت میں مرمت کا کام نہیں ہوا۔

(ii) مذکورہ مراکز کی تمام خالی اور پر شدہ آسامیوں کی تفصیل فراہم کی گئی۔

Mr. Speaker : Any supplementary?

جناب محمد جاوید عباسی: جی جناب، یہ انہوں نے بڑا دلچسپ جواب دیا ہے۔ جناب سپیکر، میں نے پوچھا تھا کہ یہ جو ہمارے بی ایچ یوز ہیں، کتنے عرصے سے ان کو Repair نہیں کیا گیا تو خود انہوں نے کہا ہے جناب، آپ ان کا جواب دیکھیں، انہوں نے کہا ہے کہ 2006 کے بعد ہم نے ان پہ پیسہ نہیں لگایا۔ جناب سپیکر، میں نے یہاں ہاؤس میں بھی کہا تھا اور آپ نے حکم بھی دیا تھا، آج ہیلتھ منسٹر صاحب ہوتے تو وہ کوئی جواب بھی دیتے۔ میں نے کہا تھا جی کہ یہ پوری طرح گرنے والی ہے، وہ مریضوں کے جانے کے قابل نہیں ہیں، لوگوں نے یہاں اپنے جانور باندھنا شروع کر دیئے ہیں اور آپ اس ہاؤس کی ایک کمیٹی بنائیں جو Visit کرے۔ سر، پورے پی ایف میں یہی ایک یونٹ ہے، اس کے آگے جو۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹریژری۔ کوئسچن کریں جی، کوئسچن۔

جناب محمد جاوید عباسی: جی جناب، جو ایمپلائز کی لسٹ دی ہے جو انہوں نے کہا ہے کہ خالی ہیں۔ ایک بی ایچ یو میں کہتے ہیں کہ آٹھ آدمیوں کی جگہ خالی ہے، نو آدمی ہوتے ہیں، آٹھ خالی ہیں۔ دوسرے بی ایچ یو میں جناب سپیکر، یہ کہتے ہیں کہ آٹھ خالی ہیں۔ آپ اندازہ کر لیں، تیسرے کی پانچ خالی ہیں، چوتھے کی چار خالی ہیں، اتنے سٹاف کی جگہ خالی ہے تو جناب، ایک ایک آدمی پہ بی ایچ یو، پچھلے دس سالوں سے چل رہا ہے، کس طرح چلے گا جناب سپیکر؟

Mr.Speaker: Honourable law Minister on behalf of Health minister.

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): بڑی مہربانی جی۔ میرے خیال سے عباسی صاحب وہ جواب صحیح سمجھ نہیں سکے، میں جسارت کروں گا سمجھانے کی۔ اس طرح ہے جی کہ ایک تو Maintenance کے جو فنڈز ہیں، وہ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کا Mandate رہا ہے ان پچھلے سالوں میں، جب تک یہ لوکل گورنمنٹ کے Laws تھے، اب بھی ہے ڈی سی اوز کے پاس یہ ہیں لیکن ابھی اس سال جو ہمارا Annual development programme تھا تو ہیلتھ منسٹر صاحب نے اور ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ نے اے ڈی پی

میں ایک پروگرام ڈالا تھا Maintenance کیلئے، اس کے علاوہ بڑی شکایات آرہی تھیں لیکن بد قسمتی سے چونکہ وہ اے ڈی پیز freeze ہو چکی ہیں، لہذا ابھی اسے فنڈ ریلیز نہیں ہو سکتے لیکن اگر سکیمز کے فنڈز ریلیز ہوئے تو انشاء اللہ تعالیٰ عباسی صاحب کے کام کریں گے اور جہاں تک یہ دوسرا ہے کوئسچن کا، اس میں آپ دیکھ لیں جی، یہ اس طرح ہے کہ Sanctioned جو Component ہے، وہ One, one آرہا ہے، اس کے ساتھ Filled جو ہے وہ One, one آرہا ہے Strength، صرف دو جگھوں پہ Zero آرہا ہے، ایک جو ہے میڈیکل آفیسر گریڈ 17 بی ایچ یو باغ بانڈی اور ایک ہے میڈیکل آفیسر میرہ رومال، دو میڈیکل آفیسرز کی وہاں کمی ہے۔ یہ پورے صوبے میں ڈاکٹرز جو ہیں، وہ رورل ایریا میں نہیں جارہے، ابھی مجھے نام یہ دے دیں، کوئی Willing worker وہاں پر جانے کو اگر تیار ہے ان کے اپنے علاقے کا، تو آج ہی ان کی پوسٹنگ ہو جاتی ہے اور یہ مسئلہ ویسے پورے صوبے میں ہے، آپ مجھے نام دیں تو آج ہی ان کی پوسٹنگ کرا دیتے ہیں۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> ملک قاسم خان خٹک صاحب، سوال نمبر 825۔

* 825۔ <u>ملک قاسم خان خٹک:</u> کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کرک میں دو آپریشن تھیٹر موجود ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ہسپتال میں حال ہی میں ایک نیا آپریشن تھیٹر کھولا گیا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) کیا محکمہ ہذا نے آپریشن تھیٹر کو چلانے کیلئے سٹاف اور آلات جراحی مہیا کئے ہیں، اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائیں؛

(ii) ہسپتال میں دوسرے آپریشن تھیٹر کے قیام کی قانونی حیثیت کیا ہے، کس کے حکم پر کن لوگوں نے اس کا افتتاح کیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت) (جواب وزیر قانون نے پڑھا):</u> (الف) اس وقت ہسپتال ہذا میں دو آپریشن تھیٹرز موجود ہیں۔

(ب) ان میں سے ایک آپریشن تھیٹر پہلے سے موجود تھا اور دوسرا حال ہی میں کھولا گیا ہے۔

(ج) ہسپتال ہذا میں پانچ سرجن (دو سرجیکل سپشلسٹ ایک آرتھوپیڈک سرجن۔ ایک آئی سرجن اور ایک ای این ٹی سرجن) کام کر رہے ہیں۔ ہر ایک سرجن ہفتہ میں دو دو دن او ٹی چلاتا ہے، اسی طرح

پانچ سرجن کیلئے دس دن اوٹی درکار تھی۔اس کے علاوہ ہسپتال ہذا میں انڈس ہائی وے پر واقع ہونے کیوجہ سے آئے روز ایکسیڈنٹ کے کیسز بھی آتے ہیں جن کیلئے ایک آپریشن تھیٹر ناکافی تھا اسلئے مریضوں کے مفاد کی خاطر موجودہ دستیاب وسائل میں دوسرا آپریشن تھیٹر کھولا گیا ہے جس کا افتتاح ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن آفیسر کرک نے کیا ہے۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

ملک قاسم خان خٹک: جی سر۔ دوئ دلته کښې لیکی چه دا افتتاح ډسټرکټ کوآرډینیشن آفیسر کړے دہ نو زما منسټر صاحب ته دا ریکویسټ دے چه که دا کمیټئ ته حواله کړی، د هیلتھ کمیټئ ته چه زه پروف ورته پیش کړم۔

Mr. Speaker: Ji, honourable Law Minister, on behalf of Minister Health.

وزیرقانون: داسے ده جی چه دا آپریشن تهیټر دلته دویم چه کوم شروع شوے دے ، هغے کښې Nine hundred نه زیات، تقریباً Nearly one thousand هلته Operations شوی دی۔ دا کمے وو دغلته، د دویم آپریشن تهیټر دا کمے پوره شوے دے۔ جهګړه صرف دغلته جی د میاں نثار ګل او د دوئ په افتتاح ده نو دا زما خیال دے چه د هسپتالونو نه دا سیاسی ایشوز به نه جوړوؤ، دا مهربانی اوکړئ چه دا مه دغه کوئ او بس دا پریږدئ جی۔ مهربانی، تهینک یو۔

جناب سپیکر: جی، ملک قاسم خان! کمیټئ ته تاسو۔۔۔۔

ملک قاسم خان خٹک: زما د منسټر صاحب نه دا کوئسچن دے چه پشاور کښې د صوبے هسپتالونه دی چه په دیکښې د مونږ ته دوئ دویم او تهی اوښائی؟ بیا چه کوم دے نو زه هر څه ته تابعدار یم خو زه دا ریکویسټ کوم چه د دے کوئسچن جواب بالکل غلط دے۔ زه سره د پروف چه کوم دے ټول، چه منسټر صاحب ته پته اولګی چه دا صوبه کښې څه کیږی؟ چه دا ورته۔۔۔۔

جناب سپیکر: تاسو کمیټئ ته غواړئ او که څه؟

ملک قاسم خان خٹک: دا ریکویسټ ورته کوم، دا ریکویسټ ورته کوم چه دوئ لږ انفارمیشن۔۔۔۔

جناب سپیکر: تاسو ورسره Favour کوئ او که نه کوئ؟

ملک قاسم خان خٹک: زه دا Favour ورنه غواړم جی۔

جناب سپیکر: ہں؟

وزیرقانون: سر، دا سے ده که د علاقے د مسائلو څه خبره وے، هلته واقعی څه ایشو وے، دا د دویم آپریشن تهیټر د دوئ، تاسو دا سوال خو اوکوری، دوئ وائی چه دویم آپریشن تهیټر کهلاؤ شوے دے۔ دویم آپریشن تهیټر کهلاؤ شوے دے، هغے کښے تقریباً نهه سوه څه د پاسه آپریشنونه هم پکښے اوشو۔ اوس مسئله نور څه نشته، چه یره افتتاح چا کړے ده؟ اصلی خبره دا ده چه یره افتتاح یا دوئ نه ده کړے یا بل چا کړے ده نو دغه ایشو ده نو دا مهربانی اوکړئ چه دا خبرے-----

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the Question, asked by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was defeated)

Mr. Speaker: The 'Noes' have it. The Question could not be reffered to the concerned Committee. Javed Abbasi Sahib,Question No.632.

* 632۔ جناب محمد جاوید عباسی: کیاوزیرورکس اینڈ سروسزازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ لورہ مقصودروڈایبٹ آبادپرپچھلے سالوں سے کام جاری ہے؛

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سڑک میں غیرمعیاری میٹریل استعمال کیاگیاہے؛

(ج) اگر(الف)اور(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i)مذکورہ سڑک پرکتنا خرچہ ہواہے اور گھوڑہ گلی تک کام کب تک مکمل ہوگا, مکمل تفصیل فراہم کریں؛

(ii) پچھلے تین سالوں کے دوران محکمہ کے افسران نے مذکورہ سڑک کامعائنہ کیاہے اور کیاغیرمعیاری کام کرنے پرملوث افراد کے خلاف کارروائی کی گئی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیرحیدرخان(وزیراعلیٰ)(جواب وزیرقانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی نہیں۔

(ج) (i) فرنٹیئرہائی ویزاتھارٹی سال 03-2002 سے صوبائی شاہراہوں کی سالانہ مرمت اور دیکھ بال کیلئے مختص اپنے محدودوسائل سے اس سڑک کی مرحلہ وار بحالی اور بہتری کیلئے کام کررہی ہے۔ شاہ مقصود (ہری پور) سے گھوڑاگلی تک سڑک کی کل لمبائی 62 کلو میٹر ہے، 59 کلو میٹر تک سڑک ایف ایچ اے کی

عملداری (دائرہ اختیار) میں ہے جبکہ گھوڑا گلی کی طرف سے تین کلو میٹر سڑک پنجاب ہائی وے کے زیر انتظام ہے۔

مرمتی و بحالی کے سالانہ مرحلہ وار پروگرام کے تحت اب تک کام کی تفصیل فراہم کی گئی، سال 2010-11 کے سالانہ مرمتی پلان کے تحت کلو میٹر 32 سے کلو میٹر 35 تک (4 کلو میٹر) بحالی (Reconditioning) اور کلو میٹر 36 سے کلو میٹر 60 تک (25 کلو میٹر) مرمتی کام کیا جائے گا جو جون 2011ء کے آخر تک مکمل کیا جائے گا۔

(ii) محکمے کے متعلق افسران باقاعدگی سے سڑک پر ہونے والے کام کا معائنہ کرتے رہتے ہیں، متعلقہ سب انجینئر ہری پور میں رہائش پذیر ہے اور عملے کے دوسرے ارکان کے ساتھ کام کے سائٹ پر موجود رہتا ہے۔یہاں یہ ذکر ضروری ہے کہ اس روڈ پر ابھی تک کوئی پراجیکٹ کا کام نہیں ہوا ہے، صرف سالانہ مرمتی و بحالی کا کام ہو رہا ہے۔

اس کے علاوہ کلو میٹر نمبر 25 میں مرمتی فنڈز سے روڈ کے Gradient کو بہتر کیا گیا ہے جس کی وجہ سے بسوں کی آمد و رفت بہت آسان ہو گئی ہے، اسے مقامی لوگوں نے بہت سراہا ہے۔چونکہ سڑک کے مرمتی کام میں کوئی غیر معیاری کام ہوا ہی نہیں اس لئے ملوث افراد کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہوئی۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، مجھے لاء، منسٹر صاحب نے اسکے متعلق یقین دہانی بھی کروائی ہے اور ملے بھی ہیں اور کام بھی ہو گیا ہے۔ چونکہ کو سیکشن پرانا تھا، ابھی جو بارشیں ہوئی ہیں اس کی وجہ سے بہت سا مرمت کا کام جو ہمارے کو سیکشن سے Related تھا، وہ ہو گیا ہے اور مجھے یقین ہے کہ انشاء اللہ یہ میرا کام جو ہے، انہوں نے شروع کروا دیا ہے، جلدی ہو جائے گا لہذا میں اس کو Withdraw کرتا ہوں جناب۔

جناب سپیکر: Withdraw کرتے ہیں۔جی، تھینک یو۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر، که ما له اجازت راکړئ نو زه يو سپليمنټري سوال کول غواړمه۔

جناب سپیکر: دا دوئ چه کوم ځائے بنودلو، لوره مقصود روډ نو موؤرخو Withdraw کړلو نو اوس تاسو پکښے څه وايئ؟

مفتی کفایت اللہ: اجازت غواړمه جی۔

جناب سپیکر: او کړه جی، خو تقریر به نه کوئ، صرف سوال به کوئ۔

مفتی کفایت اللہ: زه خو دا جی، د سوال چه کوم سټرکچر دے، دیکښے تاسو نه تپوس کوم، بالکل تعمیری سوال کوم جی۔

جناب سپیکر: سپلیمنټری سوال، لوره، لوره۔

مفتی کفایت اللہ: جی، دلته دا وئیلے کیږی: "اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو" یہ سوال ہے، نو چه کله محکمه دا اووائی چه "(ب) جی نہیں" نو بیا خو جواب اثبات کښے شته نه، چه جواب اثبات کښے نه دے نو باید چه دا اولیکی چه چونکہ (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں نہیں ہیں، بیا د هغے جواب ورکول ضروری نه وی کنه جی، لکه زه ځان پوهه کومه۔

Mr. Speaker: Ji, honourable Law Minister Sahib, on behalf of honourable Chief Minister.

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): دا سوال نمبر 632 یا دوائ جی۔

مفتی کفایت اللہ: هر یو سوال کښے داسے حساب وی۔

وزیر قانون: بنه یو خو جی Withdraw شو، موؤر سوال Withdraw کړو نو هغه د دوئ هغه Jurisdiction هم، د هاؤس د نورو ممبرانو ختم شو خو بهرحال داسے ده جی چه اولنی د غه کښے دا تپوس کوی چه، "کیا وزیر ورکس اینڈ سروسز ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ: (الف) آیا یہ درست ہے کہ لورہ تا مقصود روڈ ایبٹ آباد پر پچھلے سالوں سے کام جاری ہے؟" جواب دے "جی ہاں" آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ سڑک میں غیر معیاری میٹریل استعمال کیا گیا ہے؟" جواب دے "جی نہیں" نو ډیپارټمنټ دا وئیلی دی چه او، باقی بیا ئے پوره Explanation ورکړے دے جی چه یره، ایم ډی ایف ایچ اے صاحب دلته باقاعده بریفنگ موؤر ته ورکړو، عباسی صاحب ته باقاعده بریفنگ ئے ورکړو، بنه Satisfied دے، داسے څه پرابلم نشته، انشاء اللہ په دیکښے۔

جناب سپیکر: جی جناب احمد خان بہادر صاحب، کوئسچن نمبر 653۔

* 653۔ جناب احمد خان بہادر: کیا وزیر ورکس اینڈ سروسز ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ PF-24 مردان میں ڈانگ بابا، جلار روڈ ہوتی کی از سر نو تعمیر کیلئے ٹینڈر ہوا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ ٹینڈر کب ہوا ہے; نیز مذکورہ سڑک پر کتنی رقم خرچ کی جائے گی اور کب تک مکمل ہو گی;

(ii) آیا مذکورہ سڑک پر کام شروع کیا گیا ہے، اگر جواب نفی میں ہو تو حکومت کب تک کام شروع کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) جواب وزیر قانون نے پڑھا:</u> (الف) جی ہاں۔

(ب) (i) مذکورہ کام اکتوبر 2008 میں شروع ہوا اور مدت تکمیل 18 مہینے ہے اور اس کا تخمینہ لاگت -/26,88,000 روپے ہے۔

(ii) جی ہاں، مذکورہ سڑک پر کام شروع کیا گیا ہے اور انشاءاللہ مقررہ مدت میں کام مکمل کیا جائے گا۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

<u>جناب احمد خان بہادر:</u> جی سر۔ دا گزارش وو زماجی، دا زوړ فنډ وو مونږ سره په دغه حلقه کښے لګیدو جی او یقیناً دا کار دوئ پوره کړے دے خو دا په ډیر تکلیفونو او د ډیرے پریشانئ نه بعد پوره شوے دے جی او د هغے نه پس که د دے سړک چا معائنه اوکړه نو دا جی بیا کندے شوے دے ، لکه زه به دا اووایمه چه په شپږو میاشتو کښے دننه دننه دا سړک بیا خراب شوے دے ، نو زما خو ریکویسټ دا دے جی چه دا کمیټئ ته حواله کړئ چه د دے سړک هم معائنه اوکړی او پته هم اولګی چه د قوم دا پیسے ولے دومره دغه شوے ؟

Mr. Speaker: Ji, honourable Law Minister Sahib, on behalf of Chief Minister, please.

<u>بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون):</u> جی زه بالکل مطمئن نه یمه، نه ئے جواب نه مطمئن یم او نه ئے د بریفنګ نه مطمئن یم، بالکل جی کمیټئ ته د لاړ شی۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the Question asked by the honourable Member may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Question is referred to the concerned Committee. Ahmad Khan Bahadar Khan, again, Question Number ji?

Mr.Ahmad Khan Bahadar:Thank you Sir.Question No.662,Sir.

جناب سپیکر: جی۔

*662۔جناب احمد خان بہادر: کیا وزیر ورکس اینڈ سروسز ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ شگو پل پار ہوتی مردان کا ٹینڈر ہوا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ پل پر کتنی لاگت آئے گی اور یہ کب تک مکمل کیا جائے گا؛

(ii) آیا لوگوں کی آمدورفت کیلئے کوئی متبادل راستہ بنایا گیا ہے، اگر نہیں، تو وجوہات بتائی جائیں؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) (i) مذکورہ پل کا دایاں حصہ بشمول گرڈر (Girder) اور چھت کے (Slab) نقصان زدہ تھا جس کی مرمت کی گئی ہے اور اس پر تخمینہ لاگت -/64,11,000 روپے آئی ہے۔

(ii) مذکورہ پل ٹریفک کیلئے کھول دیا گیا ہے، لہذا متبادل راستے کی ضرورت نہیں۔

جناب سپیکر: جی سپلیمنٹری۔

جناب احمد خان بہادر: جی سر۔ سر! دا یو پل دے د شگو پل ورته مونږ وایو او دا پار هوتی او راپار هوتی دواړه خپل مینځ کښې یو بل سره Link کوی۔ سر، دے ته چا بم ایښے وو څه موده مخکښې نو هغے کښې دے پل ته نقصان شوے وو جی، او دا پل په ډیر خراب حالت کښې وو او بیا مونږ چیف منسټر صاحب ته ریکویسټ اوکړو چه یره مهربانی اوکړه د دے پل د پاره مونږ له څه پیسے راکړه چه دا پل پرے جوړ کړو جی۔ هغه پل جوړ شو جناب والا، خو په هغے کښې ډیرے غټے کندے دی او زما په خیال دا هم دغه مسئله ده چه دا پیسے په دے باندے لګیدلی دی خو هغه صحیح نه دی لګیدلے جی، نو زما د دے باره کښې دا ده چه مهربانی اوکړئ دا هم کمیټئ ته حواله کړئ چه سپین او تور ښکاره شی جی۔

جناب سپیکر: جی، جناب آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: دیکښے خو جی جواب دوئ داسے ورکړے دے چه دا دے باندے خو تقریباً څه 64 لاکھ روپئ اولګیدے او دے باندے ټریفک کهلاؤ شوے دے نو تاسو بیا هم نه ئے مطمئن۔

جناب احمد خان بہادر: غټے غټے کندے دی۔ 64 لاکھ روپئ په دے لګیدلے دی خو سر! زه دا وئیل غواړمه چه هغه پیسے صحیح نه دی لګیدلی ځکه چه تاسو څه وخت ورننوځئ دے پل ته چه ورخیژئ نو دومره غټے کندے دی چه اکثر دا غټ ګاډی ولاړ وی او ایکسلے ئے ماتے شوے وی جی۔

وزیر قانون: دا داسے ده جی چه پل کښے خو ما چرته کندے نه دی اوریدلے خو۔۔۔۔۔

جناب احمد خان بہادر: سر! زه به ئے تاسو ته اوښایمه جی نو۔۔۔۔۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: په 64 لاکھ د شګو پل جوړ دے جی۔

(قہقہے)

وزیر قانون: دا احمد خان د ټریژری بنچز ممبر دے جی، لاړ د شی، کمیټئ ته د لاړ شی۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the Question asked by the honourable Member may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The Question is referred to the concerned Committee. Ahmad Khan Bahadar, again Question No?

Mr. Ahmad Khan Bahadar: Thank you Mr. Speaker, the Question Number. is 666, Sir.

جناب سپیکر: جی۔

* 666۔ جناب احمد خان بہادر: کیا وزیر ورکس اینڈ سروسز ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پی ایف۔ 24 مردان میں طورو چوک تا چاٹو چوک سڑک تعمیر کی گئی ہے؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ تکمیل کے ایک ہفتے کے اندر اندر مذکورہ سڑک جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے جس کی مرمت بھی کی گئی ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ حلقہ کے عوام نے سڑک میں غیر معیاری میٹریل استعمال کرنے پر احتجاج کیا ہے جبکہ حلقے کے عوام اور متعلقہ رکن اسمبلی کو بتایا گیا تھا کہ اس پر اوپر والی تہہ بچھانا ابھی باقی ہے;

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ سڑک کی تعمیر پر کتنا عرصہ لگا، اس کی لمبائی اور چوڑائی کتنی ہے اور اس پر کل کتنی رقم خرچ کی گئی ہے;

(ii) آیا مذکورہ سڑک پر اوپر والی تہہ بچھائی گئی ہے، اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائیں؟

<u>جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ)(جواب وزیر قانون نے پڑھا)</u>: (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں، مگر مذکورہ سڑک کی تکمیل انتہائی سردی کے موسم میں کی گئی تھی اور سڑک پر ٹریفک کی بہتات کی وجہ سے رات کے وقت کام کرنا پڑا، اسلئے سڑک مطلوبہ قوت حاصل نہ کر سکی، بہر حال خراب شدہ کام کی ادائیگی ٹھیکیدار کو نہیں ہوئی ہے۔

(ج) مذکورہ سڑک پر اوپر والی تہہ (Wearing Course) کرنا باقی ہے جو کہ متصل شمسی روڈ پر کام کے ساتھ ساتھ کی جائے گی، مذکورہ تہہ پریمکس نیچ پلانٹ سے کی جائے گی جو کہ معیاری اور دیرپا ہوگی۔

(د) مذکورہ سڑک زیر تعمیر ہے، اس کی لمبائی 425 میٹر اور چوڑائی 5.97 میٹر ہے، مذکورہ سڑک کی کل تخمینہ لاگت -/26,88,000 روپے ہے جبکہ اب تک اس پر صرف -/3,09,000 روپے خرچ ہو چکے ہیں۔ مذکورہ سڑک پر اوپر والی تہہ اگست کے مہینے میں انشاء اللہ بچھائی جائے گی۔

<u>Mr. Speaker</u>: Any supplementary?

<u>جناب احمد خان بہادر</u>: سر۔ سر، دا تیرشوی گورنمنټ جوړ کړے وو جی او دا سړک دا سے شوے وو سر چه دا کله تیار شو نو په یو هفته کښے د ننه د ننه په دے کښے بیا غټے غټے کندے جوړے شوے او په دے باندے یو نیم کال گورنمنټ اغستے وو په جوړولو باندے سر۔ په یو هفته کښے د ننه د ننه، بلکه دوئ په دے خپل سوال کښے لیکلی دی چه او په یو هفته کښے د ننه د ننه دا بیا کندے شو۔ د هغے نه بعد سر، په دیکښے ما چیف منسټر صاحب ته ریکویسټ اوکړو ما پرے دلته کوئسچن ورکړو۔ ما پرے سر، سی اینډ ډبلیو ډیپارټمنټ ته خطونه اولیږل۔ اینټی کرپشن والا ته مے اولیږل، ما اووئیل چه مهربانی اوکړئ د دے انکوائری اوکړئ۔ هغه جی، بیا دا سے چل اوشو چه سی اینډ ډبلیو والا هغه ټهیکیدار ته فنډ بند کړو او ما سره ئے دا وعده اوکړه چه انشاء الله د دے دا Wearing course به مونږ

دوباره اوکړو، دا به مونږ ټهیک کوؤ۔ سر، چه کله هغه بیا دوباره جوړ شو څه موده پس، حالانکه د هغے د پاره بیا بلا موده ټریفک ئے بند کړے وو۔ اوس نن دلته که د مردان بعضے کسان وی یا هغوی ته پته وی، هغوی به د دے خبرے ګواهی کوی چه ټهیک ده هغه یو هفته پس خراب شوے وو خو دا په دویم ځل ئے چه کله جوړ کړو، دا بیا یو میاشت پس خراب شو نو زما سر د دے باره کښے بیا دا ریکویسټ دے چه مهربانی اوکړئ دا کمیټئ ته حواله کړئ، چه د دے دغه اوشی۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی، آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

<u>وزیر قانون:</u> داسے ده جی چه دا څه وخت د دوئ سوال راغلے وو، هغه وخت دے باندے صرف درے لکهه روپئ لګیدلے وے او دے د پاره چه کوم ټوټل Sanctioned amount دے هغه څه 26 ,27 لاکه روپئ دے ،که انتظار اوکړئ زما په خیال نو ډیپارټمنټ ته به هدایات اوکړو انشاء الله دا مسئله به ټهیک کړی۔

<u>جناب احمد خان بہادر:</u> سر جی زه یو ریکویسټ کول غواړم، هغه دا چه ما ته ډیپارټمنټ وئیلی وو، د دوئ دا جواب غلط په د دے چه دوئ دلته 26,88,000/- روپئ وائی، غنی داد خان! تاسو مهربانی اوکړئ لږ چپ شئ، 26,88,000/- روپئ دوئ وائی چه په دے باندے دغه دے ، حالانکه سر جی، ما ته ډیپارټمنټ وئیلی وو چه مونږ د ټهیکیدار نه اتیا لکهه روپئ نیولی دی۔ سر، ما ته چه کومه خبره کړے شوے وه هغه دا وه چه مونږ ترے اتیا لکهه روپئ نیولی دی، چه کله مونږ له دا کار پوره کړی او بالکل ټهیک شی، د هغے نه بعد به مونږ دا حواله کوؤ سر۔

<u>جناب سپیکر:</u> جناب عبدالاکبر خان۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> جناب سپیکر! اس سوال کے آخر میں دیکھیں جی، اس میں لکھا ہے کہ مذکورہ سڑک زیر تعمیر ہے اس کی لمبائی فلاں، تخمینہ لاگت اتنی ہے جبکہ اب تک اس پر صرف تین لاکھ روپے خرچ ہو چکے ہیں۔ مذکورہ سڑک پر، یہ آخر میں دیکھیں، مذکورہ سڑک پر اوپر والی تہہ اگست کے مہینے میں انشاء اللہ بچھائی جائے گی، ابھی تو یہ اکتوبر ہے تو کیا اگست میں یہ تہہ بچھائی گئی ہے؟

میاں افتخار حسین(وزیر اطلاعات): زہ سپیکر صاحب! یو خبرہ کول غواړم-----

جناب سپیکر: جی د میاں صاحب هم پکښے سپلیمنټری سوال راغے-----

وزیر اطلاعات: زہ سپلیمنټری سوال نہ کوم، زہ دا خبرہ ختمول غواړم چہ دا دومرہ غټہ خبرہ دہ چہ بار بار سرکوانیږی نو پکار دہ چہ کمیټئ تہ لاړ شی چہ د دے خبرے پہ رشتیا باندے پتہ اولګی، دا د سوالونو جوابونو خبرہ نہ دہ۔ (تالیاں) او لږہ د بے ایمانئ لار نیول غواړی۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the Question asked by the honourable Member may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The Question is referred to the concerned Committee. Javed Abbasi Sahib,Question No?

جناب محمد جاوید عباسی: یہ کوئسچن نمبر ہے، 726۔ یہ بڑی اچھی بات ہے کہ جو آدمی حکومت میں ہوتا ہے جناب سپیکر-----

جناب سپیکر: احمد خان بہادر صاحب آپ کے کتنے کوئسچن ریفر ہوئے کمیٹی کو؟ ان سب معزز اراکین نے آپ کا ساتھ دیا ہے ان کو آپ نے کھانا کھلانا ہو گا۔

جناب محمد جاوید عباسی: ہاں، حکومت بھی ہے اور تعلق بھی ان کا بڑا اچھا ان سے ہے، اس سلسلے میں ان کی بات مانی جاتی ہے جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی جاوید عباسی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! یہ کوئسچن نمبر 726 ہے، یہ میں نے جو سوال کیا تھا سر اس کا تعلق پورے صوبے سے ہے۔

جناب سپیکر: 626

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں سر، 726

جناب سپیکر: 726، Sorry-

* 726۔ جناب محمد جاوید عباسی: کیا وزیر ورکس اینڈ سروسز از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں جن سڑکوں کی تعمیر کی منظوری 2008 میں دی گئی تھی، اس پر کام شروع کیا گیا ہے؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ ان سڑکوں کی تعمیر کیلئے پوری رقم ابھی ریلیز نہیں ہوئی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو ہر ضلع میں سڑکوں کی تعمیر کیلئے 2008 کے دوران کتنی رقم ریلیز کی گئی اور بقایا رقم کس مد سے ریلیز ہو گی، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا):</u> (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) سال 2008 کے دوران سڑکوں کی تعمیر کیلئے جو رقم ریلیز کی گئی ہے، اس کی تفصیل فراہم کی گئی۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> جی جی، جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> تو سپلیمنٹری سوال ہے اس پہ؟

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> جناب سپیکر! میں نے پوچھا تھا کہ آیا یہ درست ہے کہ ان سڑکوں کی تعمیر کیلئے پوری رقم ابھی ریلیز نہیں ہوئی ہے؟ یہ 2008 کی بات کرتے ہیں سر، انہوں نے کہا کہ جی ہاں، یہ ریلیز نہیں کی گئی تو پھر انہوں نے اس کا پورا شیڈول دیا ہے جناب سپیکر، یہ 2008 میں بہت کم پیسے ریلیز ہوئے ہیں 2009 میں بھی بہت کم ہوئے ہیں، ابھی بھی جو اے ڈی پی ہے وہ پوری طرح روند دیا گیا ہے، اب یہ سڑکیں مکمل طور پر بند ہیں۔ آپ اگر اس کی لسٹ پڑھیں Page 22 ہے، مجھے آدھا گھنٹہ دیں تو میں آپ کو تفصیل بتاؤں جناب سپیکر، تو یہ سکیمیں میں نے اس دن بھی کہا تھا کہ قبرستان کی طرح ہو گئی ہیں اور یہ شدید بارشوں میں جو کام ہوا وہ بھی ختم ہو جائے گا۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہمارا Genuine سوال ہے، جناب لاء منسٹر صاحب کا بھی تعلق انہی اضلاع سے ہے ان میں شامل ہے، تو یہ کمیٹی کے سپرد ہو تاکہ اس پر بات کی جائے کہ کب مکمل ہو گا اور کیسے اس کو مکمل کیا جائے گا جناب سپیکر؟

<u>جناب سپیکر:</u> جی، آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

<u>وزیر قانون:</u> اس طرح ہے جی کہ یہ تو انہوں نے جنرل سوالات کئے ہیں کہ 2008 کی جو سڑکیں ہیں، کون کونسی زیر تعمیر ہیں، اس کے بعد فنڈز کتنے ہیں تو وہ مکمل تفصیل ان کو دی ہوئی ہے۔ ابھی اگر کوئی سپلیمنٹری کوسچن ہے تو وہ کہہ دیں Otherwise کمیٹی کا کیا تک بنتا ہے اور کمیٹی کی تو چھ چھ مہینے میں

میٹنگز بھی نہیں ہوتیں یا ایسے پینڈنگ رہ گئے ایشوز، اگر کوئی کوئسچن ہے تو وہ کر دیں Otherwise مہربانی کریں، بس، آپ کو تفصیل مل گئی۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! اگر یہ باقی اضلاع کو نہیں Include کرنا چاہتے تو ڈسٹرکٹ ایبٹ آباد کو تو ہم ضرور اس میں Stress کریں گے، جناب میں پریس کرونگا کہ وہاں تو بالکل مکمل طور پر 2008 میں جو کام شروع تھے، وہ بند ہیں۔ لوگوں کو بھی ان کا پیسہ نہیں ملا جناب سپیکر، دس کے اے ڈی پیز ہو چکے ہیں تو وہ سڑکیں تو ابھی آئے روز، یہ سردیاں اور یہ برفباری گزر گئی تو آپ کو نام و نشان نہیں ملے گا، تو ہم کہتے ہیں کہ ہم تو مدد کرنا چاہتے ہیں کہ جو سڑکیں ابھی ہیں یہ دیکھ لیں کہ، تو یہ مہربانی کریں۔

جناب سپیکر: جی آنریبل لاء منسٹر۔

وزیر قانون: اس طرح ہے جی، کہ ہماری بھی یہ خواہش ہے کہ ہم جو سڑک Approve کریں یا جو پراجیکٹ بھی Approve کریں، وہ ایک سال، ڈیڑھ سال کے اندر بن جائے لیکن جب ہم آئے اس وقت تقریباً Seventy percent اے ڈی پی میں پرانی گورنمنٹ کی سکیمیں تھیں۔ ہمیں صرف Thirty percent نئی سکیموں کا موقع ملا تو لہذا Throw forward جو ہے، وہ ابھی ہم کم کر کے تقریباً دو سال تک لا رہے ہیں۔ شروع میں جب آئے تھے ہم لوگ تو اس وقت تک Throw forward پانچ سال کی تھی یعنی 2008 کی جو سکیمیں تھیں وہ 2013 تک جانا تھیں تو ہم نے تو Throw forward کو زیادہ لینڈنگ کر کے وہ کم کر دیا ہے یعنی یہ ایسا ایشو ہے کہ اسے آپ اگر کمیٹی میں لے بھی جائیں تو مطلب ہے اس سے کچھ بنے گا نہیں، یہ گورنمنٹ کی پالیسی ہے کہ Throw forward کم کریں، انشاء اللہ یہ آپ کو ایشورنس دے رہے ہیں اور مہربانی کر کے یہ Withdraw کر لیں۔

غیر نشاندار سوالات اور انکے جوابات

648۔ جناب پرویز احمد خان: کیا وزیر زراعت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ واٹر مینجمنٹ کی مد میں ضلع نوشہرہ کو فنڈز دیئے جاتے ہیں;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع نوشہرہ کے کافی علاقے نہری ہیں اور زیادہ تر ریتیلی زمین پر مشتمل ہیں جیسا کہ موضعات کنداک، مرہٹی، میاں عیسیٰ، ہلکی، مصری بانڈہ، زڑہ میانہ، ترلاندی، پیر سباق، ریگی، برہ بانڈہ وغیرہ;

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) ضلع نوشہرہ کو واٹر مینجمنٹ کی مد میں سال 2006-07 اور 2008-09 میں کتنا فنڈ دیا گیا ہے;

(ii) اگر 2008-09 میں فنڈ نہیں دیا گیا تو اس سلسلے میں مرکزی حکومت سے رابطہ کیا گیا ہے یا نہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>ارباب محمد ایوب جان (وزیر زراعت):</u> (الف) ہاں، درست ہے۔

(ب) ہاں، درست ہے۔

(ج) ضلع نوشہرہ کو واٹر مینجمنٹ کی مد میں سال 2006-07 تا 2008-09 میں دیئے گئے فنڈز کی تفصیل درج ذیل ہے:

(i) 2006-07	105.698 ملین روپے۔
2007-08	67.767 ملین روپے۔
2008-09	18.135 ملین روپے۔

(ii) 2008-09 میں مرکزی حکومت نے 826.198 ملین روپے کی منظور شدہ رقم کے برعکس صرف 422 ملین روپے کی رقم جاری کی جس میں ضلع نوشہرہ کو 18.135 روپے دیئے گئے۔ اس سلسلے میں سیکرٹری زراعت اور ڈائریکٹر جنرل نیشنل پروگرام صوبہ سرحد کا مرکزی حکومت سے ذاتی طور پر یا ٹیلی فون پر ہر ماہ میں تقریباً دو دفعہ رابطہ رہتا ہے۔ اس کے علاوہ مرکزی حکومت سے گاہے بگاہے درخواست کی گئی جس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

ہ مورخہ 23 اگست 2008 کو ڈائریکٹر جنرل فیڈرل واٹر مینجمنٹ سیل اسلام آباد کو ڈائریکٹر جنرل نیشنل پروگرام صوبہ سرحد کی طرف سے فنڈز کی فراہمی کی درخواست کی گئی۔

ہ مورخہ 19 اگست 2008 کو پراونشل سٹیرنگ کمیٹی کے اجلاس میں 2008-09 کے سالانہ ورک پلان کی منظوری دی گئی جو مورخہ 4 ستمبر 2008 کو وفاقی حکومت کو بھیجی گئی۔

ہ مورخہ 5 جنوری 2009 کو ڈائریکٹر جنرل فیڈرل واٹر مینجمنٹ سیل اسلام آباد کو ڈائریکٹر جنرل نیشنل پروگرام صوبہ سرحد کی طرف سے دوسرے اور تیسرے عشرے کیلئے فنڈز کی فراہمی کی درخواست کی گئی۔

مورخہ 5 فروری 2009 کو جناب وزیر زراعت صوبہ سرحد نے وفاقی وزیر خوراک و زراعت حکومت پاکستان کو فنڈز کی بروقت فراہمی کیلئے مراسلہ نمبر No.Ps/Min/Agri/NWFP/2009 Dated Peshawar, the 05-02-2009 بھیجا گیا۔

مورخہ 10 فروری 2009 کو فیڈرل کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس میں وفاقی حکومت کو درکار فنڈز کے بارے میں مطلع کیا گیا۔

مورخہ 18 فروری 2009 کو جناب وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد کی طرف سے وفاقی وزیر خوراک و زراعت کو فنڈز کے اجراء کیلئے مراسلہ نمبر D.O.No.PS/PMU/CMS/NWFP/09/829 Dated 18-02-2009 بھیجا گیا۔

741۔ محترمہ سنجیدہ یوسف: کیا وزیر زراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں کچھ عرصہ قبل محکمہ نے رتہ کلاچی ریسرچ سنٹر نزد غلام محمد اسٹیڈیم میں نئی سبزی منڈی بنانے کا پروگرام بنایا تھا؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو؛

(i) آیا مذکورہ سبزی منڈی کی تعمیر مکمل ہو گئی ہے؛

(ii) اگر تعمیر مکمل ہو گئی ہے تو سبزی منڈی تا حال وہاں کیوں منتقل نہیں کی گئی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

ارباب محمد ایوب جان (وزیر زراعت): (الف) یہ درست ہے کہ کچھ عرصہ قبل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ رتہ کلاچی نزد غلام محمد اسٹیڈیم، ڈیرہ اسماعیل خان میں نئی سبزی منڈی کا قیام عمل میں لایا گیا۔

(ب) (الف) کا جواب اثبات میں ہے۔

(i) 2002ء میں نئی سبزی منڈی کی بنیادوں کی تعمیر مکمل ہو گئی تھی جو کہ 129 دکانوں پر مشتمل ہے۔ ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن آفیسر ڈیرہ اسماعیل خان نے محکمہ زراعت کی سفارش پر 106 دکانیں آڑھتی/ کمیشن ایجنٹ صاحبان کے حق میں الاٹ کیں۔ یوں 28 آڑھتی اس فیصلے سے ناراض ہو کر عدالت چلے گئے اور نئی سبزی منڈی کی منتقلی کا مسئلہ دھرے کا دھرا رہ گیا جو کہ آج تک التواء کا شکار ہے۔ ڈسٹرکٹ آفیسر ایگریکلچر ڈیرہ اسماعیل خان کی طرف سے موصولہ رپورٹ مورخہ 7 نومبر 2009 کے مطابق 28 آڑھتی صاحبان میں سے تین کے کیسز سول جج۔I، سول جج۔IV نے حکومت کے حق میں خارج کئے ہیں جبکہ

25 عدد کیسز ابھی تک عدالت میں زیر التواء ہیں، تاہم ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن آفیسر ، کمشنر صاحبان ڈیرہ اسماعیل خان کوشش کر رہے ہیں کہ نئی سبزی منڈی کی منتقلی کا مسئلہ جلد از جلد مکمل ہو جائے۔

844۔ جناب پرویز احمد خان: کیا وزیر زراعت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اس سال ایگزیکٹیو ڈسٹرکٹ آفیسر محکمہ زراعت نوشہرہ کو حفاظتی بندوں اور دیگر زرعی کاموں کیلئے فنڈز دیا گیا ہے;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو امسال محکمہ زراعت ضلع نوشہرہ نے ترقیاتی کاموں، زمینداروں کو دوائیوں اور تخم کی فراہمی کیلئے اقدامات کئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے ؟

ارباب محمد ایوب جان (وزیر زراعت): (الف) یہ درست ہے کہ اس سال محکمہ زراعت نوشہرہ کو حفاظتی بندوں اور دیگر زرعی کاموں کیلئے فنڈز فراہم کیا گیا ہے۔

(ب) (الف) کا جواب اثبات میں ہے۔امسال محکمہ زراعت ضلع نوشہرہ نے ترقیاتی کاموں اور حفاظتی بندوں کی تعمیر کیلئے جو اقدامات کئے ہیں انکی تفصیل مہیا کی گئی۔

753۔ سردار شمعون یار خان: کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ایبٹ آباد میں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال موجود ہے;

(ب) آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ ہسپتال میں طبی سہولیات کا فقدان ہے;

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ہسپتال کیلئے سالانہ بجٹ مختص کیا جاتا ہے;

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ ہسپتال کتنے بستروں پر مشتمل ہے، کتنے بستر ے مختلف وارڈوں میں قابل استعمال ہیں اور کتنے ناقص حالت میں موجود ہیں;

(ii) آیا حکومت مذکورہ ہسپتال کی بہتری کیلئے اقدامات کرنے کا ارادہ رکھتی ہے;

(iii) مذکورہ بالا ہسپتال کیلئے مختص کردہ بجٹ کس طریقہ کار کے تحت استعمال کیا جاتا ہے، تفصیل فراہم کی جائے ؟

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) جی ہاں، سالانہ بجٹ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ مہیا کرتی ہے۔

(د) (i) یہ ہسپتال 200 بستروں پر مشتمل ہے اور تمام کے تمام قابل استعمال ہیں۔

(ii) جی ہاں، ہسپتال کو کیٹیگری 'اے'' کا درجہ دینے کی تجویز زیر غور ہے۔

(iii) اس ہسپتال کو بجٹ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ ضروریات کے مطابق فراہم کرتی ہے جو کہ مجوزہ قانون کے مطابق خرچ کیا جاتا ہے، مثلاً ادویات، ایکسرے فلمز، لیبارٹری کیمیکلز وغیرہ گورنمنٹ صوبہ خیبر پختونخوا کی فراہم کردہ ریٹس کے مطابق خریدی جاتی ہیں اور باقیماندہ اشیاء کیلئے ٹینڈر کیا جاتا ہے۔

845۔ جناب پرویز احمد خان: کیا وزیر زراعت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 10-2009 کیلئے واٹر مینجمنٹ نوشہرہ کو ترقیاتی کاموں کیلئے فنڈ دیا گیا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع نوشہرہ میں موگہ جات کی تعمیر کا کام بہت کم ہے جس سے زمینداروں کو تشویش لاحق ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) سال 10-2009 کیلئے واٹر مینجمنٹ نوشہرہ کو ترقیاتی کاموں کیلئے کتنی رقم دی گئی ہے، اس رقم سے کتنے واٹر ریزروائرز تعمیر کئے جا سکتے ہیں؛

(ii) آیا حکومت پی ایف 16 کی پسماندگی کے پیش نظر تین واٹر ریزروائرز کیلئے جلد از جلد دس ملین روپے فراہم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

ارباب محمد ایوب جان (وزیر زراعت): (الف) ہاں، درست ہے۔ ضلع نوشہرہ کو سال 10-2009 کیلئے مقرر کردہ اہداف اور مختص فنڈز کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

		اہداف	فنڈز
*	واٹر کورس	50 عدد	54.715 ملین روپے۔
*	واٹر ریزروائر	04 عدد	0.724 ملین روپے۔
*	ہمواری زمین	700 ایکڑ	4.480 ملین روپے۔
		ٹوٹل	59.919 ملین روپے۔

(ب) سال 10-2009 میں ضلع نوشہرہ میں واٹر مینجمنٹ سے متعلق ترقیاتی کام کی رفتار کافی سست رہی۔ ضلع نوشہرہ میں سال 09-2008 کے کل بقایا جات 22.706 ملین روپے تھے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے سال 10-2009 کیلئے درکار فنڈز کے اجراء میں کمی و تاخیر کی وجہ سے ضلع میں ترقیاتی کام

روک دیئے گئے ہیں اور مختص شدہ اہداف مشکل نظر آتے ہیں۔ اب تک صرف 13.935 ملین روپے کی معمولی رقم دی گئی جبکہ 8.771 ملین روپے کے بقایاجات اب بھی ادا کرنے ہیں۔ اس صورت حال کو مدنظر رکھتے ہوئے ضلع میں مزید کام فی الوقت روک دیئے گئے ہیں۔

(ج) سال 10-2009 میں وفاقی حکومت کی طرف سے واٹر مینجمنٹ نوشہرہ کو واٹر کورسز کی مد میں 13.935 ملین روپے دیئے گئے لیکن 09-2008 کے بقایاجات کی ادائیگی کی وجہ سے نئے واٹر کورسز کی تعمیر کا کام نہیں کیا جاسکا، تاہم واٹر ریزروائرز اور ہمواری زمین کیلئے صوبائی حکومت کی طرف سے اجراء کردہ رقم مقررہ وقت کے اندر خرچ کی جائے گی۔

(ii) منصوبوں کے منظور شدہ پی سی ون کے مطابق فنڈز اضلاع کیلئے مختص کئے گئے ہیں نہ کہ انتخابی حلقہ کیلئے۔ چونکہ زیادہ تر منصوبے وفاقی حکومت کی امداد سے چل رہے ہیں، اس لئے اضلاع کو فنڈز کی فراہمی کا انحصار وفاقی حکومت کی جانب سے فنڈز کے اجراء پر منحصر ہے۔

818۔ سید قلب حسن: کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کوہاٹ میں میڈیکل کالج کا قیام عمل میں لایا گیا ہے;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ میڈیکل کالج کیلئے ٹیچنگ ہسپتال کا ہونا ضروری ہے;

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکور کالج کا قیام کب عمل میں لایا گیا ہے، نیز ٹیچنگ ہسپتال کیلئے کیا Criteria ہے اور اس کیلئے کتنے بستروں کا ہسپتال ہونا ضروری ہے اور حکومت نے اس کیلئے کیا اقدامات کئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت)</u>: (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں، پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کے قانون کے مطابق ہر میڈیکل کالج کا کلینکل کلاسوں کیلئے ایک ہسپتال کے ساتھ الحاق ہونا ضروری ہے تاکہ ایم بی بی ایس کے تیسرے سال میں میڈیکل طلباء اور طالبات ہسپتال جاکر پریکٹیکل طبی امور سیکھیں۔

(ج) جولائی 2005 میں وزیراعلیٰ صوبہ خیبر پختونخوا کی منظوری کے بعد کوہاٹ میڈیکل کالج کا قیام عارضی طور پر کے ڈی اے ہسپتال کوہاٹ میں لایا گیا جو کہ کوہاٹ یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (KUST) کے زیر اہتمام چل رہا ہے۔ اسکے بعد کوہاٹ میڈیکل کالج کا عملاً قیام 2006 میں عمل میں لایا گیا اور اس میں کلاسز اپریل 2006 میں شروع ہوئیں۔ پی ایم ڈی سی رولز کے مطابق ٹیچنگ ہسپتال میں

فی طالب علم پانچ بسترے ہونا ضروری ہیں، یعنی میڈیکل کے پچاس طلباء کیلئے دو سو پچاس بستروں کے ہسپتال کا ہونا ضروری ہے اور حکومت نے اس سلسلے میں کوہاٹ میڈیکل کالج کے ساتھ لیاقت میموریل ہسپتال اور کے ڈی اے ہسپتال کوہاٹ کا الحاق کیا ہوا ہے۔

819۔ سید قلب حسن: کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے صوبے میں کیٹیگری 'بی' ہسپتالوں کو کیٹیگری 'اے' کا درجہ دیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو جن اضلاع میں کیٹیگری 'بی' ہسپتال کو کیٹیگری 'اے' کا درجہ دیا گیا ہے، ان کی تفصیل بتائی جائے، نیز ڈسٹرکٹ ہسپتال کوہاٹ کا نوٹیفیکیشن اب تک کیوں نہیں ہوا ہے، وجوہات بھی بتائی جائیں؟

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔ چند ہسپتالوں کو حکومت کی پالیسی کے تحت کیٹیگری 'اے' کا درجہ دیا گیا ہے۔

